سوال

(264) کیا انجکشن لگوانے سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے؟

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

کیا انجکشن لگوانے سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے؟ اگر روزہ نہیں ٹوٹتا تو اس کی دلیل کیا ہے؟ (محمد جہانگیر پوٹھ شیر ڈڈیال میرپور کے۔ اے) (۲۶ دسمبر ۱۹۹۷ء)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاته!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

احتیاط کا تقاضا یہ ہے کہ روزہ کی حالت میں مطلقاً انجکشن نہ لگوایا جائے۔ کیونکہ حدیث میں ہے:

'وَبَالِغْ فِي الِاسْتِنْشَاقِ، إِلَّا أَنْ تَكُونَ صَائِمًا' (سنن ابن ماجہ، المُبَالَغَةِ فِي الِاسْتِنْشَاقِ وَالِاسْتِنْثَارِ، رقم:۴۰۷)

''یعنی بحالتِ وضوناک میں پانی چڑھانے میں مبالغہ کر، الا یہ کہ تو روزہ دار ہو۔''

اس کی وجہ یہ ہے کہ خطرہ ہے پانی ناک کے راستہ حلق میں اتر جائے۔ حالانکہ عرفاً یہ کھانا پینا نہیں۔

اس سے معلوم ہوا کہ کسی طرح کوئی چیز معدہ میں چلی جائے اس سے روزہ کو نقصان پہنچ جاتا ہے۔ ٹیکہ میں دواء کے لطیف اجزاء کے متعلق خطرہ ہے کہ وہ مسانوں کے راستہ سے معدہ میں آجائیں اور روزہ خطرہ میں پڑجائے۔ (فتاویٰ اہلحدیث:۲/۵۶۳)

البتہ اس بارے میں سعودی عرب کے ممتاز عالمِ دین شیخ عثیمین رحمہ اللہ کی رائے یہ ہے کہ بحالتِ روزہ صرف غذائی ٹیکہ نہیں لگوانا چاہیے، دوسرے کا کوئی حرج نہیں۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

جلد:3،کتاب الصوم:صفحہ:255